ماھنامہ
حکمتِ قرآن
لاھور

جاری کردہ: ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم   مدیر مسئول: ڈاکٹر اسرار احمد

جلد ۹   جنوری - فروری ۱۹۹۰ء مطابق جمادی الثانی - رجب ۱۴۱۰ھ   شمارہ ۱، ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاکف سعید

حرفِ اوّل

'حکمت قرآن' کا زیر نظر شمارہ جنوری اور فروری ۱۹۹۰ء کی دو اشاعتوں کا قائم مقام ہے اور اس کی حیثیت ایک خصوصی اشاعت کی ہے - چنانچہ اسی مناسبت سے اِس کی ضخامت بھی عام شماروں سے دو گنا بلکہ اس سے بھی متجاوز ہے اور اس کی قیمت بھی دو شماروں کے مساوی ہے -

یہ شمارہ دراصل مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے صدر مؤسّس اور تنظیمِ اسلامی کے امیر 'محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی زیر تالیف کتاب "دعوت رجوع الی القرآن کا منظر و پس منظر" کے ابتدائی دو حصّوں (Sections) پر مشتمل اور کُل کتاب کے لگ بھگ دو تہائی کے مساوی ہے - کتاب کا آخری حصہ ابھی زیرِ ترتیب ہے - خیال ہے کہ اسے مکمل ہوتے ابھی کئی ماہ کا عرصہ مزید لگے گا لیکن چونکہ آئندہ محاضراتِ قرآنی کے لئے جن کا انعقاد ان شاء اللہ وسط مارچ تک متوقع ہے 'عنوان ہی

(باقی کور کے اندرونی صـ۳ پر دیکھئے)

مقامِ اشاعت: دفتر مرکزی انجمن خدام القرآن ۳۶ - کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور - فون: ۸۵۶۰۰۳